© rasailojaraid.com



# رسیدِ تحائفِ احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں۔ ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) (واضح رہے کہ یہ تحائف کا تذکرہ اور ان کی وصولی کی رسید ہے کوئی تبصرہ نہیں اور نہ ہم خود کو کسی تبصرہ کا اہل خیال کرتے ہیں)۔ مجلس ادارت۔

اس ماہ موصول ہونے والے تحائف میں سب سے بڑا تحفہ ایک نئی تفسیر کا ہے اور وہ ہے تفسیر امداد اللکرم، یہ تفسیر جناب علامہ محمد امداد حسین پیرزادہ نے صاحب نے مرتب کی ہے......وہ اس سے قبل متعدد کتب تصنیف وتالیف فرما چکے ہیں......زیر نظر تفسیر پانچ جلدوں پر مشتمل ہے اور ہر جلد چھ سوصفحات سے زاید پر مشتمل ہے......۲۰۱۳ء میں یوکے سے شائع ہونے والی یہ تفسیر، الکرم پبلی کیشنز، یوکے، نے شائع کی ہے تفسیر آسان اردو میں ہے اور عام فہم ہے......نوجوان طبقہ کوفی زمانہ جس قدر سہل الفاظ میں تفہیم قرآن کی ضرورت ہے یہ تفسیر اسی کو پیش نظر رکھ کر لکھی گئی ہے......اس میں نہ منطقی صغرے کبرے ہیں نہ فلسفیانہ موشگافیاں ہیں، نہ مفسر نے زور علم دکھانے کی کوشش کی ہے اور نہ اسے ضرورت سے زیادہ ادبی رنگ میں ڈھالنے کی مشق......وہ خود لکھتے ہیں:......اس تفسیر سے اہل علم کی تسکین مقصود نہیں......میرے مخاطبین وہ مسلمان ہیں جو قرآن کی بالکل ابتدائی سمجھ حاصل کرنا چاہتے ہیں......اور وہ نومسلم جو اسلامی تعلیمات سے ناآشنا ہیں یا وہ نوجوان جو عربی بالکل نہیں جانتے ان کا قرآن سے رابطہ قائم ہو جائے یہ اس تفسیر کا مقصد ومقصود ہے......جلد اول کی ورق گردانی میں نے عجلت میں کی ہے اور میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ یہ تفسیر واقعی آج کل کے نوجوانوں کے لئے نہایت مفید ہے......ہر جلد کے آخر میں فہرست مطالب مختلف عناوین وموضوعات کے تحت مرتب کی گئی ہے جو اس تفسیر کا ایک طرح سے انڈیکس ہے......تفسیر حاصل کرنے کے لئے الکرم پبلی کیشنز Eaton Hall,Retford Notts DN22OPR England Tel 01777706441 کا پتہ درج ہے......اگرچہ یہ تفسیر مغربی ممالک میں مقیم اردو خواں طبقہ کے لئے مرتب کی گئی ہے تاہم ہمارا گمان ہے کہ پاکستان میں یہ تفسیر ہر اچھے مکتبہ پر دستیاب ہوگی......

☆الابذکر اللہ تطمئن القلوب،وتحط الذنوب،وبہ یرضی علام الغیوب وبہ تفرج الکروب.☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دیگر تحائف میں اس بار حسبِ ذیل کتب موصول ہوئی ہیں......

اصول اسلام از مولانا محمد ادریس کاندھلوی، جواہراتِ سیرت، اسوۂ حسنہ از سید فضل الرحمٰن، اوراقِ سیرت از سید عزیز الرحمٰن، نبوی اسلوب دعوت از سید فضل الرحمٰن، امت مسلمہ کے مسائل اوران کا حل از محمود احمد غازی، اسلام سے وابستگی کے تقاضے از ڈاکٹر فتحی یکن ترکی، یہ سب کتب دعوۃ اکیڈمی انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد سے شائع ہوئی ہیں اور ہمیں ریجنل دعوۃ سینٹر کراچی کے ریجنل ڈائیریکٹر جناب ڈاکٹر چنا صاحب سے تحفۃً ملی ہیں......کتب حاصل کرنے کے لئے کراچی ریجنل دعوۃ سینٹر پی ایس ۱/۵......کے ڈی اے اسکیم ۳۳۔ احسن آباد نزد گلشن معمار سے رجوع کیا جائے ان کا فون نمبر 36881862 ہے۔ یا اسلام آباد دعوۃ اکیڈمی انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد سے طلب فرمائیں......کتابیں خوبصورت اور دیدہ زیب ٹائیٹلز کے ساتھ چھپی ہیں......

ایک اور کتاب ہمیں جناب عمیر محمود صدیقی صاحب نے بھجوائی ہے جس کا نام ہے The Beacon Light یہ کتاب ڈاکٹر فضل الرحمٰن انصاری صاحب کے مختلف رسائل وخطابات کا مجموعہ ہے جسے ایک جلد میں پیش کیا گیا ہے......کتاب کا انگریزی میں پانچ سو صفحات کی یہ کتاب ورلڈ فیڈریشن آف اسلامک مشن کے دفتر واقع نارتھ ناظم آباد بلاک بی کراچی سے طلب کی جاسکتی ہے......فون نمبر 36644156 ہے۔

آٹھ کتب کا ایک سیٹ جو وائیڈ رینج پبلی کیشنز کراچی نے شائع کیا ہے، جناب مولانا سرفراز صابری صاحب کا مرتب کردہ ہے۔ مولانا سرفراز صاحب اسلامک مشنری یونیورسٹی میں لیکچرر اور علیمیہ انسٹیٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز نارتھ ناظم آباد کراچی کے پرنسپل ہیں......کراچی کے اس علمی وتبلیغی ادارہ کے اساتذہ وطلبہ نے علمی میدان میں کئی معرکے سر کئے ہیں اور دنیا بھر میں اپنے اسکالرز انجیکٹ کرکے اس مقصد کی تکمیل کی سعی بلیغ کی ہے جس کے لئے ڈاکٹر فضل الرحمٰن انصاری صاحب نے یہ ادارہ قائم کیا تھا ......منجملہ دیگر سرگرمیوں کے مرکز کی توجہ ہمیشہ اسکولوں کالجوں اور یونیورسٹیوں میں اسلامیات کی صحیح تعلیم وتدریس پر مرتکز رہی ہے چنانچہ ملک وبیرون ملک اعلیٰ پائے کے اسکول وکالجز میں اس ادارہ کے فارغ التحصیل طلبہ/علماء واسکالرز تدریسی فرائض کی انجام دہی میں اپنا لوہا منوا چکے ہیں......نہ صرف یہ بلکہ متعدد اداروں کے نصاب/سلیبس ڈیزائن کرنے سے لے کر کتب مرتب کرنے تک کا کام بڑی مہارت سے انجام دیتے رہے ہیں۔ جناب مولانا سرفراز صاحب کا آٹھ کتابوں کا سیٹ بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ آپ نے یہ کتب آسان اسلامیات لازمی کے نام سے مرتب کی ہیں اور پہلی سے آٹھویں جماعت کے طلبہ وطا[illegible] نصابی ضروریات کی تکمیل کے پیش نظر مارکیٹ کی نذر کی ہیں......شنید یہ ہے کہ یہ

> ☆لاتنتظر شکرا من احد، ویکفی ثواب الصمد، وما علیک ممن جحد وحقد وحسد.☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کتب متعدد سرکاری وغیر سرکاری اسکولوں میں رائج ہوچکی ہیں......ان کتابوں میں موجود مواد نہ صرف نصابی ضرورت کو پورا کرتا ہے بلکہ تعمیر شخصیت کے حوالہ سے بھی نہایت مفید ہے......رب العزت ان کی اس کاوش کو قبول فرمائے (آمین) کتب حاصل کرنے کے لئے اسٹاکسٹ ضیاء بک ڈپو اردو بازار کراچی سے یا مولانا سرفراز صابری صاحب سے براہ راست فون نمبر 0321-2080031 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

والضحیٰ پبلی کیشنز کی کتاب......ایک بازدید......کے نام سے جناب خوشتر نورانی صاحب کے قلم سے نکلی ہے......خوشتر نورانی صاحب بلا کے لکھاری ہیں اور دہلی سے شائع ہونے والے مجلّہ جام نور کے ایڈیٹر ہیں ......کتاب میں امت مسلمہ کے زوال کا جائزہ مختلف مسلم مفکرین کی آرا کی روشنی میں پیش کیا گیا ہے۔ پونے دوسو صفحات کی یہ کتاب ایک دعوتِ فکرونظر ہے۔ہمیں یہ کتاب گوجرہ کے ایک نوجوان طبیب جناب حکیم عظمت اللہ نعمانی صاحب نے اسلام آباد ہوٹل میں ملی یکجہتی کونسل کے ایک سالانہ اجلاس خاص کے موقع پر پیش کی......اللہ رب العزت ان کو اجر عظیم عطا فرمائے......کتاب لاہور سے شائع ہوئی ہے اور مکتبہ نوریہ رضویہ گلبرگ اے فیصل آباد، اور والضحیٰ پبلی کیشنز لاہور، دارالاسلام اردو بازار لاہور سے طلب کی جاسکتی ہے......ایک اور تحفہ جناب علامہ سید افتخار حسین نقوی نجفی کی کتاب قانون مناکحات جلد اول کا موصول ہوا ہے......اہل تشیع کے معروف عالم علامہ افتخار حسین نقوی صاحب نے موضوع کے اعتبار سے فقہ جعفریہ کی روشنی میں ضخیم کتاب مرتب کی ہے......کتاب زیر مطالعہ ہے اس پر مفصل گفتگو انشاء اللہ آئندہ کی نشست میں کی جائے گی۔ کتاب حاصل کرنے کے لئے پتہ ہے مکان نمبر ۸۳۶ گلی نمبر ۷۷ آئی ایٹ تھری اسلام آباد......ساڑھے پانچ سو صفحات پر مشتمل یہ بڑے سائز کی کتاب خوبصورت سرورق کے ساتھ انتشارات جامعۃ المصطفیٰ العالمیہ قم کے تعاون سے منتہائے نور مرکز تحقیقات اسلام آباد سے شائع ہوئی ہے۔

نئی کتاب

## کشفِ مبہم مشکلات

حضرت مخدوم الحاج فضل اللہ پانائی حنفی

ناشر: جمعیت اشاعت اہلِ سنت پاکستان نور مسجد کاغذی بازار کراچی

☆اذا اصبحت فلا تنتظر المساء، وعش في حدود اليوم، واجمع همك لاصلاح يومك.☆

© rasailojaraid.com